© rasailojaraid.com



(۳)

## افغانستان کی صورتِ حال کے بارے میں

ایک مدت سے جو تشویشناک خبریں افغانستان سے آ رہی تھیں۔ وہ ساری دُنیا کے مسلمانوں کے لیے پریشان کن تھیں۔ اب ان تازہ اطلاعات نے اس تشویش کو حد سے فزوں کر دیا ہے کہ افغانستان کے نہایت مشہور و معروف بزرگ حضرت مولانا محمد ابراہیم مجددی کو اور ان کے تمام اہل خانہ کو حتیٰ کہ بچوں تک کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ اور پورے ملک میں بڑے پیمانے پر علماء کی گرفتاریاں کی گئی ہیں۔ ہم افغانستان کو ایک برادر ملک کی حیثیت سے اتنا ہی عزیز رکھتے ہیں جتنا خود اپنے ملک کو، ہمارے نزدیک یہ وسیع پیمانے پر ظلم و ستم افغانستان کے لیے بھی تباہ کن ہے۔ اور اس کی حکومت کے لیے بھی۔ اس لیے حکومتِ افغانستان کو ہمارا برادرانہ مشورہ یہ ہے کہ وہ اس غلط پالیسی سے باز آ جائے۔

(بیان مورخہ ۲۶ رجنوری ۱۹۷۹ء)

عالمِ اسلام کے عظیم مفکر
مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی
کی
تمام تصانیف کا عظیم مرکز
تفہیم القرآن ہاؤس۔ بانو مارکیٹ۔ رحیم یار خان

© rasailojaraid.com